بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ ✦ عَسٰی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴ ربوہ

روزنامہ

الفضل

ایڈیٹر مسعود احمد دہلوی

فون ۴۴۹

جلد ۷۱/۳۶ | ہفتہ ۲۴ صفر المظفر ۱۴۰۳ ہجری، ۱۱ فتح ۱۳۶۱ ہش، ۱۱ دسمبر ۱۹۸۲ء | نمبر ۲۷۷

اخبار احمدیہ

ربوہ :- ۹ فتح (دسمبر) - حضرت سیدہ نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کی صحت کے متعلق آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ :-

" رات بلڈ پریشر زیادہ ہو گیا تھا - عام طبیعت بفضلہ تعالیٰ پہلے سے بہتر ہے "

احباب جماعت خاص توجہ اور التزام سے دعائیں کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے حضرت سیدہ مدظلہا کو صحت و عافیت سے رکھے اور آپ کا بابرکت سایہ ہمارے سروں پر تادیر سلامت رکھے - آمین اللّٰھم آمین -

Digitized by Khilafat Library Rabwah

محترم صاحبزادہ مرزا انس احمد صاحب تحریر فرماتے ہیں :-

" محترم صاحبزادہ مرزا منیر احمد صاحب ابن حضرت مرزا بشیر احمد صاحب کو دوبارہ دل کی تکلیف ہو گئی ہے بہت زیادہ کمزوری ہے - ڈاکٹر دل پر بہت دباؤ بتاتے ہیں - سانس کی بھی تکلیف ہے - بہت تشویش ہے تمام احباب جماعت اور بزرگانِ سلسلہ سے دردمندانہ درخواست دعا ہے کہ مولیٰ کریم اپنے فضل و کرم سے صاحبزادہ صاحب موصوف کو کامل شفا بخشے - ہر قسم کی پیچیدگیوں سے بچائے - محترم صاحبزادہ صاحب کو صحت والی لمبی کامیاب زندگی عطا فرمائے - آمین -

سپین میں وقف عارضی کیلئے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ کی سکیم

(مکرم مسعود احمد صاحب جہلمی وکیل التبشیر تحریکِ جدید ربوہ)

سات سو سال کے وقفہ کے بعد سپین میں مسجد کی تعمیر اللہ تعالیٰ کا عظیم فضل و احسان ہے یہ خدا تعالیٰ کی ایک تقدیر ہے جو ہماری اس طرف راہنمائی کرتی ہے کہ یہ سرزمین ایک بار پھر خدا تعالیٰ کے نور سے منور ہو گی - اہلِ سپین کے قلوب اسلام کی جانب مائل ہونگے - انشاء اللہ العزیز -

مسجد کی تعمیر تو ایک نکتۂ آغاز ہے خدائی تقدیر کا - مسجد کے قیام سے ہم نے اُن ذمہ داریوں کو قبول کیا ہے - جو مسجد کے قیام سے عائد ہوتی ہیں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے اس ذمہ داری کی طرف نشاندہی فرمائی جب آپ نے فرمایا کہ ہر احمدی کے دل میں یہ تڑپ ہونی چاہیئے کہ جلد از جلد مسجد نمازیوں سے بھر جائے یہاں تک کہ اس کی چار دیواری کے اندر نمازی نہ سما سکیں - اور جلد اور مسجدیں تعمیر کرنے کی ضرورت پیش آئے -

اور یہ تبھی ہو سکتا ہے جب اللہ تعالےٰ مسجدوں کو آباد کرنے والے نمازی عطا فرمائے ایسے نمازی جو عباد الرحمان ہوں اور یہ بجز تبلیغ اور دعاء ممکن نہیں -

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اس غرض کے لیے جماعت کے سامنے جو منصوبہ رکھا - اس کی اہمیت اور شرف کا اندازہ اس سے کیا جا سکتا ہے کہ حضور ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے فرمایا:

" سپین کی رُوحانی فتح کے لیے جو منصوبہ مجھے اللہ تعالیٰ نے سمجھایا ہے اس کے مطابق اتنے بڑے ملک میں اسلام پھیلانے کے لیے دو تین یا تین سو مبلغ بھی کافی نہیں - محض ایک مسجد بنا دینا اور یہ خیال کر لینا کہ سپین فتح کر لیا گیا ہے - ایک یگانہ یا دہریہ خیال تو ہو سکتا ہے لیکن اسکا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں مسجدیں تو اب بھی ہزاروں کی تعداد میں سپین میں موجود ہیں - جو نمازیوں کو بلا رہی ہیں مسجدیں تو عباد الرحمٰن سے آباد ہوتی ہیں - جو خدا کے حضور جھکنے والے آنسو بہانے والے ہوتے ہیں اور جن کے دل اللہ تعالیٰ کی خشیت سے پارہ پارہ ہو جاتے ہیں -

اس لیے منصوبہ یہ ہے کہ ایسے لوگ تیار ہوں جو ہر سال اپنے خرچ پر چھٹیاں گزارنے سپین جائیں - لوگ تو تفریح کرنے سپین جاتے ہیں - مگر یہ لوگ اس لیے جائیں تاکہ سپین کی سرزمین کو اسلام کے لیے فتح کر سکیں اور وہاں جا کر تعلقات قائم کریں اور تبلیغ کریں "

(الفضل ۲۳ نومبر ۱۹۸۲ء ص ۲)

حضور کی اس سکیم پر یورپ کے احمدیوں نے کثرت سے لبیک کہا ہے - اس مقصد کے لیے وہ زبان سیکھ رہے ہیں - تبلیغی کیسٹ بھی سپین کی زبان میں تیار کئے جا رہے ہیں جو سوال و جواب کی صورت میں ہونگے - مختلف ملکوں کے لیے علاقے مقرر کر دیئے جائیں گے - تاکہ تبلیغ میں مسابقت کی روح پیدا ہو -

وقف عارضی کی اس سکیم کا ذکر فرماتے ہوئے حضور ایدہ اللہ نے لجنہ اماء اللہ مرکزیہ اور لجنہ اماء اللہ ربوہ کے مشترکہ استقبالیہ میں فرمایا -

" سپین کی سرزمین ہزاروں لاکھوں احمدی عورتوں کی منتظر ہے کہ وہ احمدی بیٹیوں کو جوش دلائیں کہ وہ روحانی لحاظ سے ایسی طاقت بن جائیں کہ ساری دنیا پر چھا جائیں - ماؤں بہنوں اور بیٹیوں نے اس میں اپنا جو کردار ادا کرنا ہے آپ اسے سمجھیں "

سلسلہ کلام جاری رکھتے ہوئے حضور نے فرمایا:

" احمدی خواتین بھی جنکو توفیق ملے وہ اپنے بھائیوں اور بچوں اور خاوندوں کے ساتھ جائیں اور اس اہم مہم میں حصہ لیں -

(الفضل ۲۳ نومبر ۱۹۸۲ء)

حضور کے اس ارشاد کی تعمیل میں مخلصین سپین کے لیے اپنے نام پیش کر رہے ہیں جو اپنے خرچ پر وہاں جا کر مرکز کی ہدایات کے تحت تبلیغ کا فریضہ سرانجام دیں گے -

اس ضمن میں ایک ضروری ہدایت یہ ہے کہ نام پیش کرنیوالے احباب اسی وقت سے سپینش زبان سیکھنے کی تیاری شروع کر دیں عارضی وقف کرنے والے جو احباب اپنے مافی الضمیر کا اظہار ہسپانوی زبان میں نہیں کر سکتے وہ اپنے ساتھ کیسٹ لے جائیں گے جن کی مدد سے وہ اپنے مقررہ علاقے میں تبلیغ کر سکیں گے ان کیسٹوں کے ذریعہ سوال و جواب کے اسلوب پر دلچسپ پیرایہ میں اسلام کی تعلیم سے روشناس کرایا جائیگا -

یورپ میں بسنے والے احمدیوں نے حضور کی اس تحریک پر کثرت سے اپنے نام پیش کئے ہیں - اس سکیم کو کامیاب بنانے کے لیے حضور کی آواز پر لبیک کہنے کے لیے میں ذی استطاعت مخلصین سے پُرزور اپیل کرتا ہوں کہ عارضی وقف برائے سپین کے لیے اپنے نام پیش کریں - نام پیش کرنے والے احباب اس غرض کے لیے مندرجہ ذیل کوائف سے بھی وکالتِ تبشیر کو آگاہ فرمائیں -

نام - پتہ - تعلیم - کونسی زبان جانتے ہیں - وقف کی مدت - کب جا سکتے ہیں -

دفتر کی منظوری کے بعد مرکز کی ہدایات اور راہنمائی میں آپ سپین میں تبلیغ کریں گے - میں امید کرتا ہوں کہ پاکستان میں بسنے والے مخلصین دوسری تحریکات کی طرح اس تحریک پر بھی لبیک کہتے ہوئے آگے بڑھیں گے اور اپنے ناموں سے وکالتِ تبشیر تحریک جدید کو اطلاع دینگے -

والاجر من عند اللہ -

یوگنڈا میں تین افراد کا قبولِ احمدیت

چالو لنگیرا میں مسجد کا قیام

راجہ نصیر احمد صاحب مبلغ سلسلہ احمدیہ بذریعہ خط اطلاع دیتے ہیں کہ

" ایک ماہ ہوا چالو لنگیرا میں جماعت قائم ہوئی تھی وہاں پر مسجد کی ضرورت تھی جس کے لئے ایک احمدی نے ایک ایکڑ زمین وقف کر دی - یہ زمین نہایت موزوں جگہ پر واقع ہے - چند روز میں اس پر تعمیر شروع ہو جائیگی "

اپنے خط میں انہوں نے مزید اطلاع یہ دی کہ

" تین نئے افراد داخلِ سلسلہ ہوئے ہیں - اس عرصہ میں انہیں عیسائیت کے ایک ہیڈ کوارٹر کے دورہ کا موقعہ ملا - شام تک پادری صاحب اور ان کے سٹاف سے تبلیغی گفتگو ہوتی رہی - انہوں نے ایک سکول میں تقریر کی دعوت دی -

چھ جماعتوں کا انہوں نے دورہ کیا

ملکی حالات کے پیشِ نظر یوگنڈا کے مبلغین احباب کی خصوصی دعاؤں کے محتاج ہیں -

احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ کی تائید ہمارے مبلغین کے شاملِ حال ہو - اور ان کی مساعی میں اللہ تعالیٰ غیر معمولی برکت دے -

محمد علی صاحب کاڑے افریقن مبلغ جو جامعہ احمدیہ ربوہ کے فارغ التحصیل ہیں جنجہ سے اطلاع دیتے ہیں کہ عید الاضحیٰ کے موقعہ پر تین صد افراد سے زائد نماز اور دوپہر کے کھانے میں شریک ہوئے - ایک مجلس میں چار صد کے قریب افراد تھے - ایک شیخ سے کامیاب تبلیغی گفتگو کا موقعہ ملا -

Bugeeere میں مسجد بنانیکی کوشش ہے وہ احباب سے دعا کی درخواست کرتے ہیں -

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴ - پبلشر: مسعود احمد - پرنٹر: سید عبد الحی - مطبع: ضیاء الاسلام پریس ربوہ - مقامِ اشاعت: دفتر روزنامہ الفضل دار الرحمت غربی ربوہ - قیمت: ۵۵ پیسے

روزنامہ الفضل ربوہ

۲۴ صفر المظفر ۱۴۰۳ھ

۱۱ فتح ۱۳۶۱ ہش

Digitized by Khilafat Library Rabwah

خدائی جماعتوں کے افراد کا ایک خاص شیوہ

اللہ تعالیٰ اپنے مبعوث کردہ مامور کی وجہ سے اُس کے متبعین کو جن فضلوں اور احسانوں سے نوازتا ہے ان میں سے ایک عظیم الشان احسان یہ ہوتا ہے کہ وہ انہیں غلبۂ حق کی راہ میں قربانیاں پیش کرنے کے لئے چن لیتا ہے اور انہیں یہ انمول موقعہ عطا کرتا ہے کہ وہ اپنے اموال اُس کی راہ میں خرچ کر کے خیر و برکت اور یمن و سعادت کے مورد بنتے چلے جائیں۔

ہر چند کہ مومنوں کی بھاری اکثریت انفاق فی سبیل اللہ کی اہمیت اور اس کی عظیم الشان برکات کے پیش نظر پورے انشراح صدر اور بشاشت قلب سے خدا کی راہ میں اپنے اموال پیش کرتی چلی جاتی ہے۔ تاہم بعض کمزور ایمان کے لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں جو اپنی فطری کمزوری پر قابو نہ پانے کی وجہ سے خدا تعالیٰ کی راہ میں اپنے اموال خرچ کرنے کے مواقع پر اپنے دل میں تنگی محسوس کرتے ہیں اور بخل سے کام لینے لگتے ہیں۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں جہاں مومنوں کو اپنا یہ احسان یاد دلایا ہے کہ اس نے انہیں دین کی راہ میں قربانیاں کرنے کے لئے چنا ہے۔ وہاں ساتھ ہی اُس نے بخل کرنے والے محدود چند افراد کو خبردار فرمایا ہے کہ وہ بخل سے کام لے کر سخت خسارہ میں رہیں گے۔ وہ نہ صرف یہ کہ انفاق فی سبیل اللہ کی عظیم الشان برکات سے اپنے آپ کو محروم کر لیں گے بلکہ الٹا اس کے عذاب کے مستحق ٹھہریں گے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ مومنوں کو اپنا احسان یاد دلاتے اور بخل کی مضرت سے آگاہ کرتے ہوئے فرماتا ہے:۔

هَاَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ تُدْعَوْنَ لِتُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ فَمِنْكُمْ مَّنْ يَّبْخَلُ ۚ وَمَنْ يَّبْخَلْ فَاِنَّمَا يَبْخَلُ عَنْ نَّفْسِهٖ ۭ وَاللّٰهُ الْغَنِيُّ وَاَنْتُمُ الْفُقَرَاۗءُ ۚ وَاِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ۙ ثُمَّ لَا يَكُوْنُوْٓا اَمْثَالَكُمْ ۝ (محمد آیت ۳۹)

ترجمہ:۔ سنو! تم وہ لوگ ہو جنہیں اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کی دعوت دی جا رہی ہے لیکن تم میں سے بعض لوگ بخل کرتے ہیں۔ یاد رکھو! جو شخص بخل کرتا ہے وہ اپنے آپ سے ہی بخل کرتا ہے (یعنی اس کا نقصان خود اسی کو پہنچتا ہے) اللہ کو تمہارے اموال کی ضرورت نہیں لیکن تم اس کے محتاج ہو۔ اگر تم اعراض کرو گے تو وہ تمہاری جگہ ایک اور قوم لے آئے گا وہ تمہاری طرح نہیں ہوں گے (یعنی وہ بڑھ چڑھ کر خدا کی راہ میں قربانیاں کرنے والے ہوں گے۔)

پھر خدا کی راہ میں خرچ کرنے سے تنگی محسوس کرنے اور بخل سے کام لینے والوں کو اس بخل کا جو خمیازہ بھگتنا پڑتا ہے اس کا ذکر کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ هُوَ خَيْرًا لَّهُمْ ۭ بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ ۭ سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝

(آل عمران آیت ۱۸۱)

ترجمہ:۔ اور جو لوگ اس (مال کے دینے) میں جو اللہ نے ان کو اپنے فضل سے دیا ہے بخل کرتے ہیں وہ اپنے لئے (اس کو) ہرگز اچھا نہ سمجھیں (اچھا نہیں) بلکہ وہ ان کے لئے برا ہے جن مالوں میں وہ بخل سے کام لیتے ہیں قیامت کے دن یقیناً ان کا طوق بنایا جائے گا (اور ان کے گلوں میں ڈالا جائے گا۔) اور آسمانوں اور زمین کی میراث اللہ ہی کے لئے ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس سے آگاہ ہے۔

الغرض خدائی جماعتوں پر جنہیں وہ اپنے ماموروں کے ذریعہ قائم فرماتا ہے اللہ تعالیٰ کا یہ بہت بڑا احسان ہوتا ہے کہ وہ ان کے افراد کو دین کی راہ میں اپنے اموال خرچ کرنے کے لئے چن لیتا ہے اور پھر وہ ان کی قربانیوں کو قبول کر کے انہیں بے انداز اجر و ثواب سے نوازتا ہے اور چونکہ خدا تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرنے میں بخل سے کام لینے کا انجام بہت ہی ہولناک ہے اس لئے وہ بطور خاص اس امر کا خیال رکھتے ہیں کہ ان میں سے کوئی ایسا نہ ہو جو خدا کی نگاہ بخیل قرار پانے والا ہو۔ اسی لئے وہ خود بھی بڑھ چڑھ کر مالی قربانیاں پیش کرتے ہیں اور باہم ایک دوسرے کو قربانیاں پیش کرنے کی تحریک بھی کرتے رہتے ہیں۔ یہ خدائی جماعتوں کے افراد کا ایک خاص شیوہ ہوتا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ان کی صفت ہی یہ بیان کی ہے:۔

وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَاۗءُ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ (التوبۃ آیت ۷۱)

ترجمہ:۔ اور مومن مرد اور مومن عورتیں آپس میں ایک دوسرے کے دوست ہیں۔ وہ (باہم) نیک باتوں کا حکم دیتے ہیں اور بری باتوں سے روکتے ہیں۔

ان نیک باتوں میں جن کی وہ ایک دوسرے کو تلقین کرتے ہیں انفاق فی سبیل اللہ بھی شامل ہے۔ اور جن بری باتوں سے وہ روکتے ہیں ان میں سے ایک بخل کی عادت بھی ہے۔ اسی لئے خدائی جماعتوں میں یاددہانی کے لئے خدا اور اس کے دین کی راہ میں اپنے اموال خرچ کرنے کی تلقین اور تحریک کا سلسلہ مسلسل جاری رہتا ہے اور جاری رہنا بھی چاہیئے کیونکہ انفاق فی سبیل اللہ کا اجر بہت ہی عظیم الشان ہے۔

ماہنامہ انصار اللہ بابت ماہ فتح / دسمبر ۱۳۶۱ ہش / ۱۹۸۲ء

الحمد للہ کہ ادارہ ماہنامہ انصار اللہ کو یہ توفیق مل رہی ہے کہ سیدنا حضرت اقدس خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے تین خطابات جو حضور نے گزشتہ مرکزی اجتماع انصار اللہ منعقدہ تا ۷ نبوت / نومبر ۱۹۸۲ء کے موقعہ پر انصار سے فرمائے یکجا طور پر ماہ فتح / دسمبر کے رسالے میں شائع ہو رہے ہیں۔ مجلس مرکزیہ کی خواہش تھی کہ حضور کے یہ خطابات ماہنامہ انصار اللہ میں یکجا شائع ہوں اور اس کا اللہ تعالیٰ کے فضل سے انتظام ہو گیا ہے۔ قارئین کرام کو ایک زحمت ضرور اٹھانا پڑے گی کیونکہ پرچہ ایک ہفتہ تاخیر سے پوسٹ ہو سکے گا۔

اس پرچہ میں مکرم مسعود احمد خان صاحب دہلوی ایڈیٹر الفضل کا مضمون "سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دورۂ مغرب ۱۹۸۲ء" بھی شامل اشاعت ہوگا۔ تاثیل بہترین تاریخی تصاویر سے مزین اور رنگا رنگ نظمیں قارئین کے لئے باعث اشتیاق ہونگی۔ انتظار فرمائیے۔ اس دفعہ کا پرچہ ۴۰ کی بجائے ۴۸ صفحات پر مشتمل ہوگا۔ انشاء اللہ العزیز

ہر مجلس کا بلکہ انصار اللہ کے ہر رکن کا اس شمارہ کو حاصل کرنا ضروری ہے۔

(منیجر ماہنامہ انصار اللہ ربوہ)

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ کے تازہ ارشادات

۱۔ تحریک جدید وہ عظیم الشان تحریک ہے جس کے ذریعہ تمام دنیا میں تبلیغ اسلام کی داغ بیل پڑی۔

۲۔ میری خواہش ہے کہ دفتر اول قیامت تک جاری رہے اور اسلام کی خدمت کرنیوالوں کے نام قیامت نہ مٹنے پائیں۔

۳۔ دفتر اول اور دفتر دوم کی آئندہ نسلیں عہد کریں کہ وہ ان کی طرف سے اپنے بزرگوں کی قربانیاں جاری رکھیں گے۔ اس طرح ان کے بزرگ فوت ہونے کے باوجود اللہ کے نزدیک ہمیشہ ہمیش کے لئے فعال شکل میں زندہ نظر آئیں گے۔

۴۔ دفتر سوم کی طرف سے غفلت برتی گئی ہے۔ اس دفتر میں پاکستان میں بھی اور غیر ممالک میں بھی بہت وسیع گنجائش موجود ہے۔

(وکیل المال اول تحریک جدید)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

نائیجیریا کی ایموسٹیٹ میں پہلے احمدیہ ہسپتال کا سنگِ بنیاد

میری وزارت کے دروازے جماعت احمدیہ کیلئے ہر وقت کھلے ہیں: وزیر صحت

علاقہ کے درجن بھر سے زائد چیفس کی شمولیت۔ جماعت احمدیہ کو خراجِ تحسین

مکرم غلام احمد صاحب خادم
مبلغ سلسلہ اوویری
نائیجیریا

ایموسٹیٹ (نائیجیریا) میں پہلے احمدیہ ہسپتال کے افتتاح کی مختصر خبر دی جا چکی ہے۔ اب اس کی تفصیلی خبر ہدیۂ قارئین ہے۔ (تبشیر)

۲۸ر اکتوبر ۱۹۸۲ء کا دن IMO STATE کے احمدیوں کے لیے خصوصاً اور عوام الناس کیلئے عموماً خوشی اور مسرت کا دن تھا۔ اس دن جماعتِ احمدیہ کو اللہ تعالیٰ نے نصرت جہاں سکیم کے تحت اس سٹیٹ میں پہلے ہسپتال کا سنگِ بنیاد رکھنے کی توفیق عطا فرمائی۔ الحمدللہ۔

۱۹۸۰ء میں جب خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ نے نائیجیریا کا دوسری بار دورہ فرمایا تو بعض اخبار نویسوں نے یہ سوال کیا کہ جماعت احمدیہ ہمارے ملک کی مختلف ریاستوں میں ہماری تعلیمی اور طبی میدان میں قابلِ قدر خدمات انجام دے رہی ہے۔ لیکن کیا نائیجیریا کے مشرقی علاقوں میں عیسائیت کے گہرے اثر و نفوذ کی وجہ سے تو آپ کا مشن ہمیں سہولتیں دینے سے گریز نہیں کر رہا؟

اس پر حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ نے فرمایا۔ میں آپ کی بات سمجھ گیا ہوں اور آپ کے جذبات کی قدر کرتا ہوں۔ جلد ہی ہسپتال اور سکول آپ کو مل جائے گا۔

چنانچہ ۱۶ر مئی ۱۹۸۱ء کو حضور رحمہ اللہ کے ارشاد پر IMO STATE کے دارالخلافہ OWARRI میں پہلے احمدیہ مسلم کلینک کا اجراء عمل میں آیا۔ اس وقت بھی سٹیٹ گورنمنٹ نے ہمیں جلد ہسپتال بنانے کی یاد دہانی کرائی۔

مکرم ڈاکٹر مبشر احمد صاحب سلیم ابن مکرم مولانا محمد احمد صاحب جلیل نے بڑی محنت اور جانفشانی سے اس کا آغاز کیا۔ اور ایک سال کے اندر اندر یہ کلینک اپنی بے لوث خدمت اور مکرم ڈاکٹر صاحب کی کاوشوں کے نتیجہ میں بڑی سرعت کے ساتھ ترقی کرتا چلا گیا اور علاقہ بھر میں نام پیدا کر گیا ہے یہاں کی حکومت اور عوام ان خدمات سے اس قدر متاثر ہوئے کہ انہوں نے بار بار جماعت احمدیہ پر زور دینا شروع کیا کہ ہسپتال کی عمارت کی تعمیر جلد از جلد شروع کی جائے۔

کلینک کے اجراء کے ساتھ ساتھ جماعت نے ہسپتال کے لیے مناسب قطعہ زمین کی تلاش شروع کر دی۔ اللہ تعالیٰ نے فضل فرمایا اور ڈیڑھ ایکڑ کے قریب زمین OBINZE میں ہمیں مل گئی۔ جو کہ دارالخلافہ سے ۱۲ کلومیٹر نہایت اہم شاہراہ پر واقع ہے جو سٹیٹ کو بندرگاہ سے ملاتی ہے ہمارے اس پلاٹ کے دوسری جانب بھی ایک پختہ سڑک ہے جو بہت سے دیہاتوں کے درمیان ذریعۂ آمد و رفت ہے۔

ہسپتال کے لیے یہ جگہ نہایت موزوں اور بہت ہی اہم ہے۔ ایموسٹیٹ کے سابق مبلغ مکرم مولوی عبدالغنی صاحب زاہد اور مکرم شکیل احمد صاحب منیر جو تا حال جماعت کے چیرمین ہیں نے اس سلسلہ میں بہت دوڑ دھوپ کی اور یہ ان کی انتھک محنت کا پھل ہے۔ جزاہم اللہ تعالیٰ احسن الجزاء۔

حکومت نے بعض فنی اصلاحات کے بعد جلد ہی ہسپتال کا نقشہ منظور کر دیا۔ اور اب ہمارے مقدس امام حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت اس کی تعمیر کی اجازت فرمائی جس کی تعمیل میں ۲۸ر اکتوبر ۱۹۸۲ء کو مکرم امیر و مشنری انچارج مولانا محمد منور صاحب اور ڈپٹی امیر مکرم خیر احمد صاحب بسل لیگوس سے تشریف لائے۔

ہسپتال کے کمپاؤنڈ سے تمام جھاڑیاں کٹوا دی گئی تھیں اور ۲½ ایکڑ کا یہ پلاٹ جو چاروں طرف سے خاردار تار سے گھیرا ہوا تھا اس میں ایک بہت بڑا شیڈ رنگ برنگی جھنڈیوں اور جماعتی نعروں والے بینرز سے آراستہ تمام آنے والوں کا استقبال کر رہا تھا۔ بینرز پر مندرجہ ذیل نعرے حاضرین کو بہت متاثر کرنے والے تھے۔

(1) AHMADIYYA STANDS FOR SERVICE TO MANKIND

(2) ISLAM IS THE RELIGION OF PEACE

(3) LOVE FOR ALL AND HATRED FOR NONE

تقریب کا آغاز تلاوت قرآن مجید اور اس کے ترجمہ سے ہوا جو خاکسار غلام احمد خادم مبلغ سلسلہ ایموسیٹ نے کی۔

بعد ازاں متعلقہ علاقہ کے چیف جو کہ اس تقریب کے چیرمین تھے کرسیٔ صدارت پر تشریف لائے اور صدارتی ریمارکس میں جماعت احمدیہ اور حاضرین کو خوش آمدید کہا اور بتایا کہ ہم نے جماعت احمدیہ کو ہسپتال کے لیے موزوں ترین جگہ دی ہے۔ یہ ہسپتال ہمارے اپنے علاقہ بھر کے لوگوں کے لیے بہت ہی اہمیت کا حامل ہے۔ اس لیے احمدیہ مسلم مشن کے شکر گزار ہیں کہ وہ ہماری جسمانی صحت کے قیام کے لیے ایک زرِ کثیر سے یہ ہسپتال کھول رہی ہے۔

ان کے بعد جنرل سیکرٹری مکرم JIMA UGOGE نے جو کہ الون کالج اکوکو میں لیکچرار ہیں استقبالیہ ایڈریس پڑھا۔ جس میں جماعت احمدیہ کا تفصیلی تعارف تھا اور انہوں نے بتایا کہ عالمگیر جماعت احمدیہ جس کے بانی حضرت مرزا غلام احمد صاحب قادیانی ہیں ساری دنیا میں اشاعتِ اسلام اور خدمتِ بنی نوع انسان کے جہاد میں مصروف ہے یہ واحد اسلامی جماعت ہے جو دنیا کے کونے کونے میں اسلام کے پیغام کو پہنچا رہی ہے۔ ہمارا ہیڈ کوارٹرز ربوہ پاکستان ہے۔ جہاں سے ہمارے روحانی پیشوا ساری دنیا کے احمدیوں کی راہنمائی کرتے ہیں ہم انہیں خلیفۃ المسیح کہتے ہیں۔

اس کے بعد انہوں نے ایموسٹیٹ میں جماعت کی خدمات کا ذکر کیا اور بتایا کہ یہاں پانچ جماعتیں قائم ہیں اور احمدیہ کلینک ایک سال سے بڑی کامیابی سے کام کر رہا ہے اور اب مستقل ہسپتال کی تعمیر شروع کرنے والے ہیں۔ اور اس تاریخی تقریب میں شمولیت پر ہم آپ کو خوش آمدید کہتے ہیں۔ ہم ہیڈ کوارٹرز کے بھی بہت ممنون ہیں جنہوں نے ہمیں نہایت قابل اور وقف کی روح رکھنے والا ڈاکٹر دیا ہے ہمارے موجودہ کلینک میں شاندار لیبارٹری ہے اور نرسنگ ٹریننگ سنٹر قائم ہے۔ یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ احمدیہ مسلم مشن ہمارے لوگوں سے واقعی محبت کرتا ہے اور ان کی تربیت کر کے اپنے پاؤں پر کھڑا ہونے کا ایک نمایاں کردار ادا کر رہا ہے ہم ایک دفعہ پھر کمشنر آف ہیلتھ، تمام چیفس اور حاضرین کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ استقبالیہ ایڈریس کی تین صد کاپیاں حاضرین میں تقسیم کی گئیں۔

اس کے بعد فیڈرل گرلز کالج کی طالبات نے کورس کی صورت میں نظم پڑھی۔ یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ یہاں کے لوگ احمدیہ مشن میں کسقدر دلچسپی لے رہے ہیں۔ کالج کی بس ان مسلمان طالبات کو لے کر اس تقریب میں شامل ہوئی جس کی قیادت کالج کے پرنسپل صاحبہ نے کی۔

بعد ازاں محکمہ صحت کے اعلیٰ افسران نے صحت کی ضرورت اور اہمیت اور اس میدان میں جماعت احمدیہ کی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے خراج تحسین پیش کیا اور موجودہ ہسپتال کی تعمیر کو جماعت احمدیہ کا نہایت جرأت مندانہ اقدام قرار دیا۔

متعدد چیفس نے بھی اپنے خیالات کا اظہار نہایت تعریفی الفاظ میں کیا۔ اور اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔ یہاں ایک بہت دلچسپ بات ہوئی۔ ایک چیف نے کہا کہ اوبینزی OBINZE والوں نے ہسپتال کے لیے جماعت کو جگہ دی ہے اور ہم احمدیہ مشن سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ کالج ہمارے علاقہ میں کھولیں۔ اس پر اوبینزی کے چیف نے میز پر زور زور سے ہاتھ مار کر کہا کہ کالج بھی یہیں قائم ہوگا۔

اس کے بعد مکرم ڈاکٹر مبشر احمد صاحب سلیم نے مغربی افریقہ اور نصرت جہاں سکیم کے موضوع پر تقریر کرتے ہوئے اس مبارک سکیم کا پس منظر بتایا کہ ۱۹۷۰ء میں ہمارے مقدس امام اور خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ نے مغربی افریقہ کی تعلیمی اور طبی ضروریات کو شدت سے محسوس کرتے ہوئے القائے الٰہی کے تحت یہ سکیم جاری فرمائی اور اس بارہ ۱۲ سال کے قلیل عرصہ میں مغربی افریقہ کے بہت سے ممالک میں متعدد سیکنڈری سکول اور ہسپتال قائم ہو چکے ہیں۔ یہاں نائیجیریا میں بھی اس سکیم کے تحت کئی سیکنڈری کھل چکے ہیں اور ۹ ہسپتال اور کلینک یہاں کے عوام کی خدمت میں دن رات مصروف ہیں۔ اوبینزی کا یہ ہسپتال اس سکیم کا دسواں ہسپتال ہوگا۔ انشاء اللہ۔ جو تمام قسم کی سہولتوں سے آراستہ کیا جائے گا۔ اور بلا تفریق مذہب و عقائد کے سب کے علاج معالجہ اور خدمت کے لیے وقف ہوگا۔ اس پر قریباً پانچ لاکھ نائیرے خرچ ہونے کا اندازہ ہے۔

اس تقریب میں کمشنر آف ہیلتھ (وزیر صحت) کی آمد متوقع تھی مگر وہ اپنی اچانک بیماری کی وجہ سے خود نہ آسکے۔ ان کی نمائندگی وزارت صحت کے مستقل سیکرٹری نے چھ رکنی کمیٹی سے کی۔ انہوں نے کمشنر کی طرف سے معذرت کی اور انکا لکھا ہوا ایڈریس پڑھ کر سنایا۔ جس میں کمشنر آف ہیلتھ نے کہا۔

"اس سٹیٹ کی تاریخ میں یہ پہلا مسلم مشن ہسپتال ہونے کی وجہ سے یادگاری ہسپتال ہوگا۔ آج احمدیہ مسلم مشن ہسپتال کا سنگِ بنیاد آپ کے اور ہمارے اس خواب کی تعمیر ہے جو ہم گزشتہ ایک سال سے دیکھتے چلے آرہے تھے۔ ہم بہت خوش بھی ہیں اور جماعت احمدیہ کے ممنون بھی ہیں

Digitized by Khilafat Library Rabwah

جو کہ نصرت جہاں سکیم کے تحت پورے مغربی افریقہ میں بنی نوع انسان کی بنیادی ضرورت پورے کر رہے ہیں۔ صحت بلکہ اچھی صحت ہر انسان کی بنیادی ضرورت اور اس کا حق ہے میں اس وجہ سے بھی خوش ہوں کہ اس سٹیٹ کے گورنر صاحب CHIEF SAM.O MBOKWE نے مشن کو کھلے دل سے خوش آمدید کہا ہے اور ہسپتال کی تعمیر سے قبل ہی سٹیٹ کی ترقی اور بہبود میں آپ کی شمولیت کو سراہتے ہوئے اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا ہے۔ آپ یہاں مشن کھولنے اور اپنے پیغام کو ہم تک۔ ہمارے عوام تک پہنچانے میں آزاد ہیں۔ نائیجیریا کے قانون میں ہر مذہب وملت کے لوگوں کو آزادیٔ ضمیر کے ساتھ اپنے عقائد کی اشاعت اور اس پر عمل کرنے کی پوری پوری آزادی ہے، اور ہم ان سب کے ساتھ مکمل تعاون کرتے رہیں گے جو ہمارے ملک کی سوشل اقتصادی، تعلیمی اور طبی میدان میں ہماری مدد کرتے ہیں۔ ہمیں صحت کی شدید ضرورت ہے ہم آپ کو خوش آمدید کہتے ہیں۔ میری وزارت کے دروازے ہر وقت آپ کے لیے کھلے ہیں اور ہمارے افسران آپ کو فنی تعاون اور جس اور جس قسم کی راہنمائی کی ضرورت ہو تعاون کے لیے حاضر ہوں گے۔ میں اوبیٹری اور علاقہ بھر کے لوگوں سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ احمدیہ مسلم مشن کے ساتھ پورا پورا تعاون کریں۔ آخر میں ایک دفعہ پھر میں جماعت احمدیہ کو مبارک باد دیتا ہوں اس انفرادی اور قابلِ تقلید مثالی کام پر جو وہ بنی نوع انسان کی خدمت کے لیے ایمو سٹیٹ میں کر رہے ہیں۔ اور مجھے امید ہے کہ جلد ہی یہ ہسپتال مکمل ہو کر یہاں کے عوام کے لیے کھل جائے گا۔ کمشنر صاحب کی تقریر کی ۵۰ کاپیاں ان کے پی آر او نے حاضرین میں تقسیم کیں جو وہ اس موقع کے لیے چھپوا کر لائے تھے۔

اس تقریب کی سب سے اہم تقریر مکرم مولانا محمد منور صاحب امیر و مشنری انچارج کی تھی جنکی شخصیت لوگوں کو بہت متاثر کیے ہوئے تھی۔ آپ نے فرمایا:۔

"اس علاقہ میں میرا یہ پہلا دورہ ہے اور میں آپ لوگوں سے مل کر بہت خوش ہوا ہوں۔ اور جس طرح آپ نے میرا اور احمدیہ مشن کا استقبال کیا ہے اس پر آپ سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

میں اسلام کا ایک ناچیز مبلغ ہونے کی حیثیت سے آپ سب تک اس زمانے کے مسیح موعود کا محبت اور امن کا پیغام پہنچاتا ہوں۔ اور مسیح جس کے آپ سب منتظر ہیں ظاہر ہو چکے ہیں۔

آج بنی انسان کو وہ سب ذرائع میسر ہیں جو انہیں ایک خاندان کی شکل میں اکٹھا کرنے کے لیے ضروری تھے۔ اسلام جو کہ عالمگیر مذہب ہے پیار اور محبت سے سب کے دل جیت کر انہیں ایک خاندان بنا دے گا۔

اسلام امن کا مذہب ہے۔ چنانچہ قرآن کریم امن کا پہلا اصول اور تعلیم لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ أَحَدٍ مِّن رُّسُلِهِ کہہ کر پیش کرتا ہے۔ ہم خدا تعالیٰ کے تمام رسولوں پر ایمان لاتے ہیں اگر دنیا اس بنیادی حقیقت کو پہچان لے تو نفرت اور مذہب کے نام پر خون ختم ہو جائے گا۔

دوسرا امن کا اصول

انّ اکرمکم عند اللہ اتقاکم

میں بیان کیا گیا ہے یعنی ہم سب بحیثیت انسان برابر ہیں۔ اللہ کی نگاہ میں سب سے معزز وہ ہے جو سب سے زیادہ متقی ہے۔

امن کا تیسرا اصول قرآن کریم لکم دینکم ولی دین کہہ کر پیش کرتا ہے یعنی آزادیٔ ضمیر کی ضمانت۔ جس مذہب کی خوبیاں جس کو گرویدہ کر لیں وہ اسے اختیار کرنے اور اس پر عمل کرنے میں آزاد ہے

لا اکراہ فی الدین۔ دین میں کوئی جبر نہیں یہی وجہ ہے کہ ہم ہر ایک مذہب کے خیالات و جذبات اور ان کے عقائد کا احترام کرتے ہیں۔ ہمارے مقدس رسول محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اسوہ حسنہ سے ہمارے لیے روشن مثال قائم فرمائی ہے جب آپ نے نجران کے موحد عیسائیوں کو مسجد نبوی میں ان کے اپنے طریق پر عبادت کی اجازت ہی نہیں بلکہ پیش کش فرمائی اور آج ہم احمدی مسلمانوں کا نعرہ بھی LOVE FOR ALL HATRED FOR NONE ہے۔ ہم احمدی مسلمان بنی نوع انسان کی خدمت کا عملی مظاہرہ کر رہے ہیں۔ قرآن کریم ہمیں کہتا ہے کنتم خیر امۃ اخرجت للناس للناس کا لفظ یہ بتاتا ہے کہ ہمیں اپنی خدمت کے معیار کو اتنا بلند کرنا ہے کہ جہاں جا کر یہ سوال ہی ختم ہو جائے کہ تم کس کی خدمت کر رہے ہو۔ وہ کہاں پیدا ہوا۔ سفید ہے یا سیاہ وہ بت پرست ہے یہودی ہے عیسائی ہے یا مسلمان۔

آپ نے خطاب جاری رکھتے ہوئے فرمایا اسلام ہر فرد کی روحانی، اخلاقی، ذہنی اور جسمانی نشوونما کے لیے مساجد تعمیر کر رہی ہے۔ اخلاقی نشوونما کے لیے مبلغین کا نظام ہے اور ذہنی نشوونما کے لیے سکولز اور کالج جاری کر رہی ہے اور جسمانی نشوونما کے لیے ہسپتال اور کلینک بنا رہی ہے، یہ چاروں ایک دوسرے کے ساتھ ساتھ چلتے ہیں۔

آپ نے کہا کہ ۵ ۱۷ ۵ ایمو سٹیٹ میں جماعت احمدیہ کا یہ پہلا ہسپتال ہے جو بلا امتیاز مذہب و عقائد سب لوگوں کی بہبود کے لیے کھولا جا رہا ہے۔ یہ آپ کا اپنا ہسپتال ہو گا آپ کی صحت ہماری صحت ہے اور آپ کی بھلائی ہماری بھلائی ہے۔

آج اللہ کے نام سے میں اس ہسپتال کی بنیادی اینٹ رکھنے لگا ہوں جو تمہارا بھی رب ہے اور ہمارا بھی۔ اور اس کی بنیاد خالصتاً خدمت بنی نوع انسان کے جذبہ پر ہے۔ امیر صاحب کے خطاب کی ۵۰ کاپیاں اسی وقت تقسیم کر دی گئیں۔

اس کے بعد مکرم امیر صاحب وزارت صحت کے ارکان اور چیفس کے حلقہ میں رنگ برنگی جھنڈیوں کی گیلری سے ہوتے ہوئے جس کے گیٹ پر جلی حروف سے لکھا تھا۔

AHMADIYYA STANDS FOR SERVICE TO MANKIND

بنیاد کے اندر داخل ہوئے اور بنیادی اینٹ پر دیر تک دعا کرنے کے بعد اسے بنیاد میں نصب کر دیا۔

بعد ازاں سب نے ہسپتال کے پلان کا جائزہ لیا جو کہ محکمہ صحت کا منظور شدہ ہے اور ایک وین پر آویزاں کیا ہوا تھا

اس کے بعد دوبارہ سب احباب اپنی اپنی نشستوں پر بیٹھ گئے۔ جہاں مشروبات سے سب کی ضیافت کی گئی۔ اس دوران محترم امیر صاحب نے کمشنر آف ہیلتھ کے لیے ان کے مستقل سیکرٹری کو قرآن مجید۔ اسلامی اصول کی فلاسفی اور دیگر لٹریچر تحفہ پیش کیا۔

اس تقریب میں اسلام اور احمدیت کا تفصیلی تعارف، پیغام محبت قریباً پانچ صد افراد کو جو کہ چنیدہ لوگ تھے پہنچا۔ سب سے اہم واقعہ جس کی ان لوگوں کو توقع تک نہیں تھی یہ ہوا کہ محض اللہ تعالیٰ کے فضل سے ایمو سٹیٹ کی تاریخ میں پہلی بار ان کی اپنی ۵ ۱ ۵ ۵ زبان میں اسلامی لٹریچر پیش کیا گیا۔ جب سٹیج سے یہ اعلان ہوا کہ مسلم پریس ٹریک کا مقامی ایبو ۵ ۵ ۱ زبان میں ترجمہ چھپ کر کتاب آ گئی ہے تو جہاں احمدیوں نے نعرہ تکبیر بلند کیا وہاں چیفس اور دیگر سرکردہ لوگوں نے دلچسپی اور حیرت سے اس کتاب کی ورق گردانی شروع کر دی۔ اس بات سے سب لوگ یہ تاثر لے کر گئے کہ جماعت احمدیہ ایک فعال جماعت ہے جن کے پروگرام ان کے لیے ترقیات کے ضامن ہیں۔

اسی موقع کے لیے مکرم شکیل احمد صاحب منیر نے دی احمدیہ موومنٹ کے موضوع پر ایک مضمون لکھا تھا جو کہ احمدیہ مشن اوبری کی طرف سے تین صد کی تعداد میں تقسیم کیا گیا۔ جزاہم اللہ تعالیٰ

اگرچہ یہ تقریب ہسپتال کی عمارت کا سنگِ بنیاد رکھنے کی تقریب تھی مگر اس کی رونق میں اسلام اور احمدیت کا پیغام علاقہ کے چیدہ افراد تک پہنچانے کی وجہ سے کئی گنا اضافہ ہوا اور لوگوں کے صحیح طور پر احمدیت کو سمجھنے میں مدد ملی۔ خدا تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اس کٹر عیسائی علاقہ میں اسلام کا بول بالا کر دے سعید روحیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے آستانہ سے وابستہ ہو جائیں اور جماعت احمدیہ خدمتِ اسلام اور خدمت بنی نوع انسان کی مقبول توفیق پائے آمین۔

خدا کرے کہ ہمارا یہ ہسپتال جلد از جلد تعمیر ہو کر اپنا کام شروع کر سکے۔ آمین۔

آخر میں مکرم ڈاکٹر صاحب نے جملہ حاضرین کا ایک دفعہ پھر شکریہ ادا کیا۔ اور یہ تقریب اپنے اختتام کو پہنچی۔

تحریک جدید میں فاستبقوا الخیرات کا حسین منظر

دفتر سوم کا کام حضور ایدہ اللہ نے لجنہ اماء اللہ کے سپرد فرماتے ہوئے مردوں کو بھی آگے بڑھنے کی تلقین فرمائی ہے اس ضمن میں حضور نے فرمایا:۔

"یہ کام (دفتر سوم کے لیے سعی) میں لجنہ اماء اللہ کے سپرد کرتا ہوں کیونکہ اس سے پہلے دو دفتروں میں سے ایک دفتر یعنی دفتر اوّل، خدام الاحمدیہ کی خصوصی تحویل میں دیدیا گیا۔ ان معنوں میں کہ وہ چندوں کی طرف خصوصی توجہ کریں۔ دفتر دوم انصار اللہ کے سپرد کیا گیا کہ وہ اس طرف توجہ کریں اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے انصار نے اس میں بڑی محنت سے کام کیا ہے تیسرا دفتر کسی ذیلی تنظیم کے سپرد نہیں کیا گیا۔ ہو سکتا ہے یہ بھی وجہ ہو اس میں غفلت اور کمزوری کی تو امید ہے کہ لجنہ اماء اللہ انشاء اللہ بڑی تیزی کے ساتھ اس طرف توجہ کرے گی اور لجنہ کا تجربہ یہ ہے کہ جب وہ کسی کام کی طرف توجہ کرتی ہیں تو اُن کی پوری کوشش ہوتی ہے کہ مردوں کو شرمندہ کریں اور ان کو پیچھے چھوڑ جائیں اور بسا اوقات وہ اس میں کامیاب بھی ہو جاتی ہیں اس لئے مرد بھی کمر ہمت کس لیں جب وہ دوڑیں گی لازماً آپ کو بھی دوڑنا پڑے گا۔ آپ قوام ہیں آپ کو اپنا وقار اور اپنا مقام قائم رکھنے کے لئے قربانیوں میں لازماً آگے بڑھنا ہو گا۔ اس طرح خدا تعالیٰ کے فضل سے فاستبقوا الخیرات کا ایک بہت ہی حسین منظر ہمارے سامنے آجائے گا۔"

(خطبہ جمعہ فرمودہ ۵ نومبر مطبوعہ ۲ دسمبر ۱۹۸۲ء صفحہ ۵) وکیل المال اوّل تحریک جدید

Digitized by Khilafat Library Rabwah

(قسط دوم آخری)

مسلم آدابِ معاشرت

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ

(مکرم ڈاکٹر قاضی محمد برکت اللہ صاحب۔ امریکہ)

۲۳۔ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَیْنٍ اَنَّ رَجُلًا جَاءَ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ فَرَدَّ عَلَیْہِ ثُمَّ جَلَسَ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَشْرٌ ثُمَّ جَاءَ اٰخَرُ فَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ فَرَدَّ عَلَیْہِ فَجَلَسَ فَقَالَ عِشْرُوْنَ ثُمَّ جَاءَ اٰخَرُ فَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ فَرَدَّ عَلَیْہِ فَجَلَسَ فَقَالَ ثَلٰثُوْنَ (ترمذی)

عمران بن حصین کی روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک شخص آیا اور کہا السلام علیکم اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام کا جواب دیا پھر یہ آدمی وہاں بیٹھ گیا تو حضورؐ نے فرمایا 'دس'۔ پھر ایک اور آدمی حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا السلام علیکم ورحمۃ اللہ حضورؐ نے جواب دیا اور جب یہ شخص اس جگہ بیٹھ گیا تو حضورؐ نے فرمایا 'بیس'۔ پھر ایک اور آدمی حضور علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ حضورؐ نے اسی بھی سلام کا جواب دیا اور جب یہ آدمی بھی بیٹھ گیا تو رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تیس۔ (ان اعداد کا مطلب یہ تھا کہ ایک نیکی کا بدلہ دس گنا ملتا ہے اس طرح ان لوگوں کو اس تعداد کی نیکیوں کا ثواب سلام کرنے کی وجہ سے ملا)

۲۴۔ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اَتٰی بَابَ قَوْمٍ لَمْ یَسْتَقْبِلِ الْبَابَ مِنْ تِلْقَاءِ وَجْہِہٖ وَلٰکِنْ مِنْ رُکْنِہِ الْاَیْمَنِ اَوِ الْاَیْسَرِ ثُمَّ یَقُوْلُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَذٰلِکَ اَنَّ الدُّوْرَ یَوْمَئِذٍ لَمْ یَکُنْ عَلَیْہَا سُتُوْرٌ۔ (ابوداؤد)

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی کے گھر تشریف لے جاتے تو دروازے کے سامنے کھڑے ہونے کی بجائے دائیں یا بائیں کھڑے ہوتے اور پھر کہتے السلام علیکم۔ اور اس کی وجہ یہ تھی کہ ان دنوں دروازوں کے آگے پردے نہیں تھے۔

۲۴۔ فَاسْتَاْذَنَ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَھُوَ فِیْ بَیْتٍ فَقَالَ اَاَلِجُ فَقَالَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِخَادِمِہٖ اُخْرُجْ اِلٰی ھٰذَا فَعَلِّمْہُ الْاِسْتِئْذَانَ فَقُلْ لَہٗ قُلِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ اَاَدْخُلُ فَسَمِعَ الرَّجُلُ ذٰلِکَ فَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ اَاَدْخُلُ فَاَذِنَ لَہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔ (ابوداؤد)

ایک شخص رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے مکان پر آیا اور پکارا۔ کہا میں اندر آجاؤں؟ آپؐ نے ایک خادم کو فرمایا کہ اس شخص کے پاس جاؤ اور اسے اجازت حاصل کرنے کا طریق سکھاؤ اسے کہو کہ پہلے السلام علیکم کہے پھر آنے کی اجازت طلب کرے۔ اس شخص نے سنا اور کہا السلام علیکم کیا مجھے اندر آنے کی اجازت ہے؟ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے اجازت دی اور وہ اندر آگیا۔

۲۵۔ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ قَالَ اَتَانَا اَبُوْ مُوْسٰی قَالَ اِنَّ عُمَرَ اَرْسَلَ اِلَیَّ اَنْ اٰتِیَہٗ فَاَتَیْتُ بَابَہٗ فَسَلَّمْتُ ثَلَاثًا فَلَمْ یَرُدَّ عَلَیَّ فَرَجَعْتُ فَقَالَ مَا مَنَعَکَ اَنْ تَاْتِیَنَا فَقُلْتُ اِنِّیْ اَتَیْتُ فَسَلَّمْتُ عَلٰی بَابِکَ ثَلَاثًا فَلَمْ یَرُدُّوْا عَلَیَّ فَرَجَعْتُ وَقَدْ قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اسْتَاْذَنَ اَحَدُکُمْ ثَلَاثًا فَلَمْ یُؤْذَنْ لَہٗ فَلْیَرْجِعْ فَقَالَ عُمَرُ اَقِمْ عَلَیْہِ الْبَیِّنَۃَ قَالَ اَبُوْ سَعِیْدٍ فَقُمْتُ مَعَہٗ فَذَھَبْتُ اِلٰی عُمَرَ فَشَھِدْتُ (البیہقی)

ابوسعید الخدری نے بیان کیا کہ ابوموسیٰ ہمارے پاس آئے اور کہنے لگے کہ عمر نے مجھے کہلا بھیجا اور میں انہیں ملنے ان کے مکان پر گیا اور تین دفعہ سلام کہا لیکن انہوں نے میرے سلام کا جواب نہیں دیا تب میں واپس آگیا۔ اس نے کہا کہ کس چیز نے تمہیں ہمارے پاس آنے سے روکا۔ میں نے کہا میں آپ کے دروازے پر آیا اور تین دفعہ سلام کیا لیکن آپ نے میرے سلام کا جواب نہ دیا اس لیے میں واپس آگیا چونکہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ارشاد فرمایا تھا کہ اگر تم میں سے کوئی کسی سے ملنے جائے اور تین دفعہ اجازت مانگے (السلام علیکم کہنے سے) لیکن اسے اجازت نہ ملے (سلام کا جواب نہ ملے) تو واپس آجائے۔ عمر کہنے لگے ہمیں اس بات کا ثبوت دو۔ تو ابوسعید نے بیان کیا کہ میں اٹھ کھڑا ہوا اور اس کے ساتھ عمر کے پاس جاکر اس بات کی گواہی دی۔

۲۶۔ عَنْ جَابِرٍ رضی اللہ عنہ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَاْذَنُوْا لِمَنْ لَمْ یَبْدَاْ بِالسَّلَامِ (البیہقی)

جابر رضی اللہ نے بیان کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر شخص کو اندر آنے کی اجازت نہ دو جو السلام علیکم کہنے سے اجازت طلب نہیں کرتا۔

۲۷۔ سَلَامٌ عَلَیْکَ: تجھ پر سلامتی ہو۔ تذکرہ ۷۱۷

سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ۔ بار بار رحم کرنے والے خدا کی طرف سے سلامتی کا پیغام تذکرہ ۷۱۶

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ: تم پر سلامتی ہو۔ تذکرہ ۶۹۱

تیرے پر سلام تو مبارک کیا گیا۔ تذکرہ ۲۵۹

عَلَیْکَ بَرَکَاتٌ وَّسَلَامٌ۔ تجھ پر برکات اور سلامتی ہو۔ تذکرہ ۲۲۵

بہت سے سلام تیرے پر ہوں۔ تذکرہ ۶۵۷

۲۸۔ سیدنا حضرت مرزا طاہر احمد خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کسی بھی اجتماع میں آتے اور رخصت کے وقت حاضرین کو السلام علیکم کے تحفہ سے نوازتے ہیں۔

ضروری اعلان

اہالیانِ ربوہ متوجہ ہوں

مجلس خدام الاحمدیہ حلقہ مسجد مبارک شعبہ خدمتِ خلق کے تحت ربوہ کے مستحق مریضوں کے لیے فری ڈسپنسری کا اہتمام کیا گیا ہے۔ یہ ڈسپنسری ہفتہ میں دو دن یعنی جمعرات اور جمعہ کو مکرم ڈاکٹر لئیق احمد صاحب کے مکان پر ہوا کرے گی۔ ربوہ کے مستحق مریضان اس سے فائدہ اٹھائیں۔

اوقاتِ کار:۔ موسم سرما۔ بروز جمعرات ۔ ۴ بجے تا ۷ بجے شام

بروز جمعہ ۔ صبح ۹ بجے تا ۱۲ بجے دوپہر

(زعیم خدام الاحمدیہ حلقہ مسجد مبارک)

ضروری اعلان

ایسے احباب جو گزشتہ جلسہ سالانہ کے موقعہ پر شعبہ ترجمانی میں کام کرچکے ہیں، ان سے درخواست ہے کہ وہ ۲۳ دسمبر کو ربوہ پہنچ کر مکرم منیر احمد فرخ صاحب کو مسجد اقصیٰ میں واقع دفتر ترجمانی میں رپورٹ کریں جبکہ اس شعبہ میں ڈیوٹی دینے والی خواتین دفتر لجنہ اماء اللہ میں اسی تاریخ کو رپورٹ کریں۔

وہ احباب وخواتین جو اسلام آباد کے علاقہ میں رہائش پذیر ہوں فوری طور پر مکرم فرخ صاحب کو ٹیلیفون نمبر ۵۲۷۸۱ پر اطلاع دیں۔ (ناظر اصلاح وارشاد)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

امراء و صدرانِ جماعت کوشش فرمائیں کہ ان کی جماعتیں وقفِ جدید کا سو فیصد ادا فرماویں

ناظم مالی وقفِ جدید ربوہ

جلسہ سالانہ پر آنے والے دوستوں کیلئے ہدایات

خداوند تعالیٰ کے فضل و کرم کے ساتھ جلسہ سالانہ کے ایام قریب سے قریب تر آتے جا رہے ہیں۔ جلسہ میں شمولیت کے لیے جہاں ہزاروں ہزار افراد جماعت آتے ہیں وہاں بعض شرپسند اور ناپسندیدہ افراد کے آنے کا بھی احتمال ہوتا ہے۔

احباب جماعت کو اپنے فائدہ کے لیے درج ذیل ہدایات پر عمل کرنا چاہیئے:۔

- جملہ جماعتوں کے احباب کوشش کر کے اکٹھے سفر کریں تا سفر میں سہولت رہے اور جماعت کے ساتھ جو برکت ہوتی ہے اس سے بھی مستفیض ہوں۔
- اپنے ہمراہ صرف وہی سامان لائیں جو موسم کے لحاظ سے ضروری ہو۔ غیر ضروری سامان، کپڑے یا زیور نہ لائیں۔
- اپنے جملہ سامان پر نام اور مکمل پتہ (جہاں سے روانہ ہوں اور جہاں ٹھہرنا ہو) کے لیبل گوند یا لئی سے چسپاں کریں۔
- گاڑی پر چڑھتے یا اترتے وقت عجلت سے کام نہ لیں۔ مکمل حوصلہ۔ صبر اور سکون سے اپنا سامان گاڑی میں رکھیں نیز یہ بھی خیال رہے کہ راستہ میں بھی اپنے سامان سے غفلت نہ کریں۔
- بچوں کو زیور نہ پہنائیں بلکہ مصنوعی زیورات کے استعمال سے بھی اجتناب کریں۔
- اپنے بچوں کی جملہ وقت نگہداشت رکھیں اور چھوٹے بچوں کو گم ہونے سے بچانے کیلئے بچہ کا نام مع ولدیت اور پورا پتہ لکھکر یا تو بچہ کی جیب میں ڈالدیں یا اس کے بازو پر باندھ دیں۔
- آپ جب ریلوے اسٹیشن یا بس کے اڈہ پر گاڑی سے اتریں تو اپنا سامان قلی کے حوالہ کرنے سے پہلے قلی کا نمبر دیکھ لیں اور کسی ایسے قلی کو سامان نہ دیں جس کے پاس نمبر نہ ہو۔ اپنے سامان کی اچھی طرح دیکھ بھال کرنے کے بعد اسٹیشن یا اڈہ سے روانہ ہوں اور راستہ میں بھی قلی پر نگاہ رکھیں۔ اگر کسی قسم کی کوئی دقت پیش آئے تو فوراً استقبال کے عملہ کو اطلاع دیں۔
- جہاں آپ کا قیام ہو جلسہ میں جانے سے پہلے اپنے سامان کی حفاظت کا مکمل بندوبست کر کے جائیں۔ نیز قیامگاہوں کے منتظمین کو بھی اپنی آمد و رفت سے باخبر رکھیں۔
- ہجوم میں جلد بازی عام طور پر نقصان کا باعث ہوتی ہے اسی وجہ سے جلسہ گاہ سے نکلتے وقت اسٹیشن نیز بسوں کے اڈہ یا جہاں کہیں بھیڑ ہو پوری تسلی۔ اطمینان اور وقار سے کام لیں۔ ایسے موقع پر جیب کتروں سے ہوشیار رہیں۔
- اپنی جیبوں سے تمام روپے عام لوگوں کے سامنے نہ نکالیں۔ نہ اپنے بٹوے کو ایسی جگہ پر لاپرواہی سے کھولیں جہاں تمام نگاہیں آپ کے بٹوے کا جائزہ لے سکیں۔
- مستورات کو چاہیئے کہ سفر و حضر میں پردہ کا خاص طور پر اہتمام کریں۔
- دورانِ قیام ربوہ پہاڑوں پر چڑھنے سے اجتناب کریں۔ کیونکہ اس سے حادثہ کا امکان ہو سکتا ہے۔
- اگر کوئی شخص بدمزاجی سے پیش آئے یا کوئی لڑائی جھگڑا کرے تو آپ اس سے احتراز کریں یا بالموعظۃ الحسنہ کے مطابق اسے حکمت و دانائی سے باز رکھنے کی کوشش کریں اور نرمی اور محبت سے اسے سمجھائیں۔
- سفر کے دوران متواتر استغفار، درود شریف اور مسنون دعائیں پڑھتے رہیں۔ جلسہ کی کامیابی۔ پاکستان کے استحکام اور اسلام کی ترقی کے لیے خاص طور پر دعائیں کریں۔
- جلسہ کے منتظمین سے تعاون کا خاص خیال رکھیں جو آپ کی سہولت اور آرام کے لیے شب و روز کوشاں ہوں گے۔
- جلسہ کے اوقات میں اپنا وقت جلسہ گاہ میں گزاریں۔ تقاریر کے دوران بازار اور دکانوں میں نہ بیٹھیں۔
- امور عامہ کا دفتر جلسہ کے دوران بھی کھلا رہتا ہے اس لیے دوست ضرورت کے وقت دفتر تشریف لا سکتے ہیں۔
- کوئی دوست اپنے ہمراہ اپنا اسلحہ نہ لاویں۔ (ناظر امور عامہ)

گمشدہ اشیاء اور آپ کی ذمہ داری

جلسہ سالانہ کے موقعہ پر احباب کی سہولت کے لیے ۲۲ دسمبر سے دفتر معلومات کام شروع کر دیتا ہے جو دفاتر جلسہ سالانہ کے قریب دن رات کھلا رہتا ہے۔ آپ کی خدمت و راہنمائی ہمارا فرض ہے اور آپ کی ذمہ داری ہے کہ:۔

ا۔ اگر آپ کو راستہ میں کوئی گری پڑی چیز ملے تو اسے بحفاظت اولین فرصت میں دفتر معلومات پہنچا دیں۔

ب۔ آپ کی کوئی چیز گم ہو جائے تو فوراً رپورٹ درج کرائیں۔

ج۔ اپنے بچوں کی جیب میں شناختی کارڈ پُر کر کے ڈالے رکھیں اور ہمیشہ اپنے ساتھ رکھیں۔ یہ کارڈ دفتر معلومات کے علاوہ دفتر لجنہ۔ نظامتِ خدمت، اڈہ بس و سٹیشن سے بھی مل سکتا ہے۔ (ناظم معلومات، فوری امداد و گمشدہ اشیاء)

شیخ ممتاز رسول ٹمبر مرچنٹس
ربوہ
فیکٹری ایریا۔ بالمقابل ریلوے کراسنگ
ہر قسم کی عمارتی لکڑی۔ دیار۔ کیل۔ پڑتل۔
بازار سے بارعایت۔ آرڈر پر دروازے۔ کھڑکیاں۔ الماریاں
ماہر کاریگروں سے تیار کروا کر مہیا کئے جا سکتے ہیں
میٹریل۔ کاریگری کے معیار
اور قیمت کے بارے میں ہم پر اعتماد کیجئے
شیخ ممتاز رسول

کلر فوٹوز
کلر فوٹوز بنوائیے اور اسی وقت لے جائیے۔
شادی بیاہ اور دیگر تقریبات پر کلر اور
بلیک اینڈ وائٹ البم تیار لیں۔
معیاری تصاویر کے لئے
میموریل فوٹو سروس گولبازار ربوہ فون ۵۳۱

سرمہ طفیل
نظر کو تیز کرتا ہے
قیمت ۱۲ روپے
(کورس تین عدد شیشی)
سفید موتیا کا علاج۔ دھند۔ جالا۔ ککرے
آنکھوں سے پانی بہنا۔ نظر کی کمزوری۔ آنکھوں
کی ہر بیماری کیلئے بے حد مفید۔
حکیم محمد طفیل رجسٹرڈ سابق صدر طبیہ کمیٹی جوہی
حال۔ کوٹھہ کلاں گولبازار۔ ربوہ۔ ضلع جھنگ
رجسٹرڈ نمبر ۱۴۵۹۷-ھ

گردے مثانے کی ادویات
Kidny Stone گردے مثانے کی پتھریوں کے لیے
Course 150/- کڈنی سٹون کورس ۴۰ روزہ
Prostate Cure پروسٹیٹ گلینڈ کا بڑھ جانا
Urination Cure پیشاب کی کثرت بار بار آنا
Urine Dribbling Cure پیشاب کا بے اختیار قطرہ قطرہ گرنا
Urine Retention Cure پیشاب کی بندش رکاوٹ
Dysuria Cure پیشاب کا جلن اور درد کے ساتھ آنا
Kideny infection Cure پیشاب میں پیپ وغیرہ آنا
Spermatorrhea Cure پیشاب میں دھات آنا (جریان)
Hematuria Cure پیشاب میں خون آنا۔
Dropsy Cure کمی پیشاب سے استسقاء۔ جلندھر
Bed Urine بول بستری
Involuntary Urination Cure بے اختیار پیشاب خطا ہو جانا
Slow Urination Cure پیشاب آہستہ آہستہ اترے
Urine Burning Cure پیشاب جل کر آئے۔
ایک سے زیادہ کیورز اکٹھی بھی استعمال ہو سکتی ہیں۔
کیٹلوگ سے ۱/۲ روپے بی کیورز ڈاک سے ہوز انڈسٹریز فری
خاص سٹاکسٹس
لاہور: بزی بی کیمسٹ کمرشل بلڈنگ مال روڈ چوک انارکلی
لاہور: افضل میڈیکل سٹور ملتان روڈ چوک نیم خانہ
لاہور: خان برادرز میڈیکل اینڈ جنرل سٹور شالامار لنک روڈ
لاہور: مبشر میڈیکوز چوک میو ہسپتال
سرگودھا: العزیز میڈیکوز چوک سبزی منڈی
فیصل آباد: کریم میڈیکل ہال گول امین پور بازار
جھنگ: خالد میڈیکل ہال کورٹ روڈ
جھنگ: دواخانہ قمر الاسلام مین بازار صدر
خانیوال: شاہ کلینک نزد ریلوے اسٹیشن
ملتان: الطاف میڈیکل ہال صدر بازار
حیدرآباد: نور میڈیکل سٹور شاہی بازار
کراچی: خواجہ میڈیکل سٹورز بالمقابل ایمپریس مارکیٹ صدر
کوئٹہ: غفور میڈیکل سٹور جوہر گنج بازار
پشاور: علی برادرز کیمسٹ خیبر بازار
مردان: ڈاکٹر غلام جیلانی نیو مارکیٹ
راولپنڈی: الکیمسٹ کمرشل سنٹر سیٹلائٹ ٹاؤن
منڈی بہاؤالدین: اسراری دواخانہ کمیٹی روڈ
اوکاڑہ: المستقیم میڈیکوز ہسپتال بازار
شیخوپورہ: الفیصل میڈیکل ہال سرگودھا روڈ
کیور ٹیو میڈیسن کمپنی (رجسٹرڈ) گول بازار ربوہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ٹنڈر نوٹس

۱۔ ضلع کونسل جھنگ کو درج ذیل ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کے لیے منظور شدہ ٹھیکیداران سے ٹنڈر مطلوب ہیں ٹنڈر سربمہر لفافوں میں مورخہ ۱۲ر۱۲ر۸۲ کو دفتر ضلع کونسل جھنگ میں ایک بجے دوپہر تک وصول کیے جاویں گے۔ اور اسی روز ٹنڈر دہندگان کی موجودگی میں کھولے جاویں گے زرضمانت کال ایٹ ڈیپازٹ کی صورت میں ٹنڈر فارم کے ہمراہ ارسال کرنا ہوگا ایٹ ڈیپازٹ صرف ضلع جھنگ کے بنکوں سے تیار شدہ قابلِ قبول ہوگی۔

ٹنڈر فارم بحساب ۵۰ روپے فی فارم دفتر ڈسٹرکٹ انجینئر ضلع کونسل جھنگ سے ایک روز قبل دورانِ اوقات کار حاصل کیے جا سکتے ہیں۔

بلوں کی ادائیگی فنی طور پر منظور شدہ تخمینہ جات کے مطابق کی جائے گی میٹریل اور مشینری بذمہ ٹھیکیدار ہوگا۔ مزید برآں چھوٹے چھوٹے کاموں کے تخمینہ جات کی فہرست دفتر سے دورانِ اوقاتِ کار ملاحظہ کیے جا سکتے ہیں۔

نمبر شمار	نام کام	تخمینہ لاگت	زرضمانت	میعاد
۱۔	تعمیر سڑک چسنڈ کالا بالی۔	۶،۵۰،۵۰۰/-	۱۳،۲۰۰/-	۹ ماہ
۲۔	تعمیر سڑک عدلانہ درڑ	۸۸،۵۰۰/-	۱۷،۸۰۰/-	"
۳۔	" " لنک روڈ بدھ رجیانہ۔	۵،۳۶،۰۰۰/-	۱۵،۸۰۰/-	۶ "
۴۔	" بھوانہ کلوکہ ٹاہلی منگنی	۴،۰۰،۶۰۰/-	۸،۲۰۰/-	"
۵۔	" لنک روڈ دربار حضرت سلطان باہو۔	۳،۴۰،۵۰۰/-	۶،۸۰۰/-	"
۶۔	" لنک روڈ کسوآنہ تا کنڈن کھوکھران	۷،۹۴،۰۰۰/-	۱،۶۰۰/-	۷ "
۷۔	" سڑک روڈ الوالی چک ۴۲۵	۶،۴۰،۰۰۰/-	۱۲،۸۰۰/-	۶ "
۸۔	تعمیر سڑک چک ۲۹۳ کوٹ مرزا روڈ	۳،۰۰،۰۰۰/-	۶،۰۰۰/-	"
۹۔	متھرمہ امین پور روڈ	۲،۰۰،۰۰۰/-	۴،۰۰۰/-	"
۱۰۔	بھنگی لنک روڈ پیر عبدالرحمٰن	۱،۱۶،۰۰۰/-	۲،۳۲۰/-	"
۱۱۔	مرمت شور کوٹ ڈنکلاں روڈ	۱،۵۰،۰۰۰/-	۳،۰۰۰/-	"
۱۲۔	مرمت حویلی بہادر شاہ رستم مرگانہ روڈ	۱،۰۰،۰۰۰/-	۲،۰۰۰/-	"
۱۳۔	مرمت سڑک بھوانہ خیروالہ	۵۰،۰۰۰/-	۱،۰۰۰/-	۲ ماہ
۱۴۔	" " کوٹ سکندانہ تا کنال	"	"	"
۱۵۔	" درپٹہ " تا کنال	"	"	"
۱۶۔	چک نورنگ شاہ ۱۶ر۱ تا کنال	"	"	"
۱۷۔	سفید قطعہ ۱ تا ۵ بالمقابل ریلوے اسٹیشن عدوکی	"	"	"
۱۸۔	سفید پلاٹ منتقل پرانا پریس کلب جھنگ ۳ مرلہ	"	"	"
۱۹۔	دکان نمبر ۲، ۹، ۱۳، ۱۴، ۱۵، ۱۶، ۱۷، ۱۸، ۱۹، ۲۱، ۲۲، ۲۳، ۲۴، ۳۲، بمقام لوکل فنڈ کلرک چینیوٹ	ایک سال	۱۵ر۱۲/۸۲	۱۱ بجے صبح بمقام دفتر لوکل فنڈ کلرک چینیوٹ
۲۰۔	۷ کمرے بمعہ باتھ متصل دفتر ضلع کونسل جھنگ برائے دفتر	"	۱۴ر۱۲/۸۲	" جناح ہال ضلع کونسل جھنگ

المشتہر

چیئرمین صاحب ضلع کونسل جھنگ

فون نمبر 2076

I.P.L.8797

ٹھیکہ جات

ضلع کونسل جھنگ کو درج ذیل ٹھیکہ جات کا نیلام عام ہے بمطابق تواریخ مقامات اور اوقات کار مندرجہ مجاذ کیا جائے گا شرائط نیلام موقع پر سنائی جائیں گی یا کسی بھی روز دورانِ دفتری اوقاتِ کار دفتر ٹیکنیکل آفیسر ضلع کونسل جھنگ سے ملاحظہ کی جا سکتی ہیں لہٰذا خواہشمند حضرات نیلام میں شرکت فرما کر فائدہ اٹھائیں۔

نوٹ:۔ بوقت نیلام بولی دہندگان کو شناختی کارڈ کی فوٹو سٹیٹ کاپی پیش کرنا ہوگی۔

نمبر شمار	نام ٹھیکہ	میعاد	تاریخ	وقت	مقام
۱۔	ٹول ٹیکس چینیوٹ کوٹ خدا یار روڈ	ایک سال	۱۴ر۱۲/۸۲	۱۱ بجے صبح	بمقام جناح ہال جھنگ
۲۔	" " سالار والا پنڈی بھٹیاں	"	"	"	صدر
۳۔	" " محمود کوٹ سیال کوٹ روڈ	"	"	"	"
۴۔	" " دھر کبانوالہ بڑانہ روڈ	"	"	"	"
۵۔	" " بلو شہباز	"	"	"	"
۶۔	" " کھیوہ شہباز روڈ	"	"	"	"
۷۔	" " جامع محمدی شریف لنک روڈ	"	"	"	"
۸۔	دوکان نمبر ۲ عابد چوک جھنگ صدر	ایک سال	۱۴ر۱۲/۸۲	۱۱ بجے صبح	صدر
۹۔	اراضی ماچھیوال ۸ مرلے تا کنال	"	"	"	"
۱۰۔	" سرخنگا ۱½ ایکڑ	"	"	"	"
۱۱۔	" سول اسٹیشن ۷ کنال	"	"	"	"

آدابِ مسجد کو ملحوظ رکھنے کی تاکید

خُذُوْا زِیْنَتَکُمْ عِنْدَ کُلِّ مَسْجِدٍ (القرآن)

بخاری اور مسلم ہے کہ:۔

"حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

"سات شخصوں کو اللہ تعالیٰ اپنے عرش کے سایہ تلے اس دن جگہ دے گا جبکہ عرش کے سایہ کے سوا اور کوئی سایہ ہی نہ ہوگا اور ان سات شخصوں میں سے ایک شخص وہ بھی ہوگا کہ جب مسجد سے نکلتا ہے تو واپسی تک اس کا دھیان مسجد ہی کی طرف لگا رہتا ہے۔

قَلْبُهٗ مُعَلَّقٌ بِالْمَسْجِدِ اِذَا خَرَجَ مِنْهُ حَتّٰی یَعُوْدَ اِلَیْهِ۔

ہمارے پیارے امام سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے آج کل مساجد میں ان کے آداب کو ملحوظ رکھنے کی بہت تاکید فرمائی ہے اور حکم دیا ہے کہ مساجد اللہ کے ذکر کیلئے ہیں۔

اِنَّ الْمَسٰجِدَ لِلّٰهِ فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا

آہستہ آہستہ اور زیرِ لب ذکرِ الٰہی کرتے رہنا چاہیئے اور مکمل خاموشی ہونی چاہیئے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

(بشارت احمد ناصر سیکرٹری تربیت۔ ربوہ)

پرانے اخبار الفضل سنبھال کر رکھیں۔ یہ آپ کے بچوں کے لئے قیمتی سرمایہ ہیں۔

(مینیجر)

درخواست ہائے دعا

● میرے ماموں زاد بھائی ڈاکٹر مبشر احمد صاحب مرزا ایک جھوٹے مقدمہ میں ملوث کر دیئے گئے ہیں جس کی وجہ سے ہم سب عزیزوں کو کافی پریشانی ہے۔ جملہ احباب دردِ دل سے دعا کریں کہ خدا تعالیٰ رحم و کرم فرمائے اور ڈاکٹر صاحب کو جلد اس مشکل سے نجات ملے۔ آمین۔

(فضل احمد شاہد مربی میرا بھڑ کا۔ آزاد کشمیر)

● خاکسار کی والدہ محترمہ قریباً سات ماہ سے بعارضہ فالج بیمار ہیں چند روز ہوئے طبیعت زیادہ خراب ہو گئی ہے ہلنے جلنے سے بھی قاصر ہیں نیز میرے والد صاحب بھی چند ماہ سے بعارضہ قلب صاحبِ فراش ہیں۔ احباب جماعت دعا فرماویں مولا کریم اپنے فضل سے میرے والدین کو صحت کاملہ بخشے اور لمبی زندگی عطا فرمائے۔ آمین

(طاہر احمد کھوکھر محلہ بخشے والا۔ گوجرانوالہ)

● میرا لڑکا عبدالرحمٰن خادم اسلامیہ کالج لاہور میں فسٹ ایئر کا طالب علم ہے میں احباب جماعت سے اس کی دینی اور دنیوی ترقیوں اور کامیابیوں کے لئے درخواست دعا کرتی ہوں۔

(سارہ بیگم بیوہ مرزا عبدالغنی (مرحوم) ونڈالہ روڈ۔ شاہدرہ)

● خاکسار ان دنوں کچھ زیادہ ہی بیمار ہے پریشانیاں بھی بہت ہیں نیز میرے بیٹے حمید احمد ناصر کی شادی کو بارہ تیرا سال ہو چکے ہیں اولاد سے محروم ہے احباب جماعت کی خدمت میں دعا کی درخواست ہے۔

(خلیل احمد۔ عزیز سوئٹ شاپ گولبازار۔ ربوہ)

ادائیگی زکوٰۃ اموال کو بڑھاتی اور تزکیہ نفس کرتی ہے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

بیوت الحمد منصوبہ اور احمدی آرکیٹیکٹس کی ذمہ داری

بیوت الحمد منصوبہ کا ایک حصہ یہ بھی تھا کہ احمدی آرکیٹیکٹس رضا کارانہ طور پر مکانات کے مختلف ڈیزائن پیش کریں۔ جو ہمارے ملک کے لحاظ سے سستا بھی اور آرام دہ بھی ہو اور اس میں کسی حد تک زینت کا بھی خیال رکھا گیا ہو۔ ایک دو پھلوں کے اور سایہ دار درخت۔ سبزیوں کے پلاٹ وغیرہ شامل ہوں۔ مکان کو گرمیوں کے لحاظ سے ٹھنڈا کرنے کیلئے۔ ڈیزائن میں خاص خیال رکھا گیا ہو۔ ان امور پر غور کر کے جلد از جلد ڈیزائن تیار کرنیکی کوشش کریں۔ جو آرکیٹیکٹس اس پر غور کرنے کا فیصلہ کریں وہ اپنے اسماء سے خاکسار کو مطلع کریں۔ تین اور پانچ مرلے کے پلاٹوں پر پانچ چھ افراد کے کنبہ کی ضروریات کو مدنظر رکھا جائے۔

(پیٹرن انٹرنیشنل ایسوسی ایشن معرفت انصار اللہ مرکزیہ ربوہ)

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ کی یاد میں

ماہنامہ مصباح کا باتصویر خاص نمبر!

ماہنامہ مصباح ربوہ کا سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ کی یاد میں ایک ضخیم خاص نمبر شائع ہو رہا ہے۔ جو انشاء اللہ بہت سے نہایت قیمتی مضامین کے علاوہ متعدد نادر و نایاب رنگین تصاویر کا مرقع ہوگا۔ اس میں حضور رحمہ اللہ تعالیٰ کے دستِ مبارک سے لکھے ہوئے دو خطوط کا عکس اور حضور کا ایک غیر مطبوعہ احمدی مستورات سے خطاب کے علاوہ حضرت سیدہ مریم صدیقہ صاحبہ، حضرت سیدہ مہر آپا صاحبہ حضور کی حرمِ ثانی محترمہ طاہرہ صدیقہ صاحبہ حضور کی صاحبزادی۔ نواسی اور ہمشیرگان کے ایسے مضامین بھی ہونگے جن میں حضور کی گھریلو زندگی اور سیرت و سوانح کے مختلف پہلوؤں کو پہلی مرتبہ پیش کیا گیا ہے۔ سلسلہ کے شعرائے کرام کا کلام بھی شاملِ اشاعت ہوگا۔

پرچہ محدود تعداد میں شائع کیا جا رہا ہے۔ جو لجنات۔ جماعتیں۔ افراد اور ایجنٹ صاحبان زیادہ تعداد میں پرچہ خریدنا چاہیں وہ فوری طور پر مطلع فرمائیں۔ جو خریدار جلسہ سالانہ پر پرچہ لینا چاہیں وہ اطلاع دیں اور اپنا خریداری نمبر اور مکمل ایڈریس ضرور ہمراہ لائیں۔

(مدیرہ مصباح ربوہ)

سندھ یونیورسٹی جام شورو میں داخلے

سندھ یونیورسٹی جام شورو (حیدرآباد) میں بی اے آنرز، بی ایس سی آنرز، بی کام آنرز، بی فارمیسی، ایم اے پریویس اور ایم ایس سی پریویس میں داخلے شروع ہیں۔

داخلہ فارم موصول ہونے کی آخری تاریخ ۲۲ دسمبر ہے۔

فارمیسی، جیولاجی، الیکٹرونکس کے داخلے مخصوص ضلعی نشستوں کی بنیاد پر ہوتے ہیں۔ متعلقہ شعبوں میں داخلہ کے خواہشمند طلباء کے پاس سندھ کا ڈومیسائل ہونا ضروری ہے۔ داخلہ کے سلسلہ میں مزید معلومات کے لئے درج ذیل طلباء سے رابطہ قائم کریں۔

۱۔ محمد لطیف F-۱۰۹۹ احمدیہ ہال گاڑی کھاتہ حیدرآباد

۲۔ محمد عمر فاروق " " "

(عمران لطیف شرما صدر احمدیہ سٹوڈنٹس ایسوسی ایشن سندھ مہران یونیورسٹی جام شورو)

جنرل باڈی میٹنگ انٹرنیشنل ایسوسی ایشن آف احمدی آرکیٹیکٹس و انجینئرز

مورخہ ۲۶ دسمبر ۱۹۸۲ء کو خلافت لائبریری ہال میں بعد نماز مغرب انشاء اللہ تعالیٰ جنرل باڈی کی میٹنگ ہوگی۔ تمام احمدی آرکیٹیکٹس اور انجینئرز اس میں شرکت فرمائیں گے۔ بیرونِ پاکستان سے آنے والے ڈیلیگیٹس اپنا تعارف کرائیں گے۔ گذارش ہے کہ جن ممبران نے ۱۹۸۲ء کا چندہ رکنیت ابھی تک ادا نہیں کیا ادا فرمائیں۔ جن احباب نے ابھی تک رکنیت اختیار نہیں کی وہ رکن بن جائیں جن احباب نے ابھی تک کوائف فارم پُر نہیں کیا وہ پُر فرمائیں۔ (چیئرمین)

خالص شہد
ملنے کا پتہ:
دارالعلاج رحمت بازار ربوہ

جلسہ سالانہ کے مبارک موقعہ پر بچوں کے جیبی کارڈ، دفتر معلومات اور دواخانہ حکیم نظام جان اقصیٰ چوک سے حاصل کریں
حکیم انوار احمد جان

تبادلہ جائیداد
میرے تین عدد پلاٹ جن میں سے دو پلاٹ کا رقبہ ۹/۹ مرلے ہے اور ایک پلاٹ کا رقبہ ۱۶ مرلے ہے۔ الحمرا ٹاؤن لاہور میں واقعہ ہیں۔ اگر کوئی احمدی دوست میرے ساتھ پلاٹوں کا تبادلہ کرنا چاہے تو مجھے ان پلاٹوں کے بدلے جگہ ربوہ میں دیدے۔ ساتھ پیسوں کا لین دین بھی ہو سکتا ہے۔ تو میرے ساتھ رابطہ قائم کریں
شکریہ:- راجہ احمد خان مکان نمبر ۳۶ دارالرحمت غربی ربوہ فون نمبر ۵۷۷

حضرت خلیفۃ المسیح اولؓ کا عطا کردہ مجرب نسخہ
قادیان کا قدیمی مشہور عالم بے نظیر تحفہ
سرمہ نور رجسٹرڈ
امراض چشم کا شافی علاج اور نظر کو بڑھاپے تک قائم رکھتا ہے۔
سرمہ نور والوں کا
نورانی کاجل
امراض چشم اور آنکھوں کی خوبصورتی کیلئے تحفہ
شفاخانہ رفیق حیات رجسٹرڈ گولبازار ربوہ

طب یونانی کی نئی ایجاد
کان درد کا فوری علاج
ہر گھر میں تکلیف کے وقت کی ساتھی
ایئر ڈراپس قیمت ۳/-
ساجد دواخانہ ربوہ

پندرہویں صدی کے دوسرے جلسہ سالانہ میں شمولیت آپ کو مبارک ہو!
مشہور دواخانہ
حکیم نظام جان مرحوم والا
گوجرانوالہ ربوہ

اٹھرا۔ بانجھ پن۔ نرینہ اولاد سے محروم عورتوں کے لئے امید کی کرن۔ اس کے علاوہ مردانہ زنانہ خاص امراض کے لئے مفصل حالات بیماری لکھکر دوا اور مخلصانہ مشورہ حاصل کریں۔ ایک خط لکھ کر فہرست ادویات منگوا سکتے ہیں۔ حکیم حمید احمد اختر رجسٹرڈ طبیب
المنار دواخانہ۔ ربوہ درجہ اوّل

شکوہ پارک ہاؤسنگ سکیم ربوہ
پروپرائیٹر:- حاجی عبدالسمیع
- ٹاؤن کمیٹی ربوہ سے منظور شدہ
- پختہ سڑکیں آخری مرحلہ میں
- ہر قسم کے جھگڑے سے پاک
احباب فائدہ اٹھائیں
باسط منزل دارالرحمت شرقی ب ربوہ
فون گھر ۴۱۶ فون ۶۱۴

سیل شروع ہے
مومن اسٹیٹس گولبازار ربوہ فون ۵۱۷
صدیق اسٹیٹس مسجد اقصیٰ چوک فون ۶۴۰
علی اسٹیٹس مسجد اقصیٰ چوک فون ۶۶۴
املاک کنسرن پراپرٹی ڈیلر اینڈ جنرل مرچنٹس ریلوے روڈ ربوہ